## سوال

(207)روزہ افطاری کے بعد جہاز کے سفر میں سورج نظر آنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں سعودیہ جانے کے لئے لاہور ایئر پورٹ پر تھا کہ اذان مغرب ہونے لگی میں نے روزہ افطار کرلیا، پھر مجھے ہوائی جہاز کی پرواز کے دوران سورج نظر آیا تو ایسی حالت میں مجھے کیا کرنا چاہیے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسی حالت میں کھانے پینے پر کوئی پابندی نہیں ہے کیونکہ جب روزہ افطار کیا تو زمین کے اعتبار سے سورج غروب ہوچکا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے: ''جب تم دیکھو کہ رات ادھر سے آگئی تو روزہ دار اپنا روزہ افطار کرلے۔'' [صحیح بخاری، الصیام: ۱۹۴۱]

اب جب روزے دار اپنا روزہ افطار کرنے کے بعد ہوائی جہاز میں محو پرواز ہے تو اسے کھانے پینے سے منع کرنا درست نہیں، کیونکہ اس نے شرعی دلیل کے مطابق روزہ افطار کیا ہے اور اب شرعی دلیل کے ساتھ ہی اسے کھانے پینے سے منع کیا جاسکتا ہے۔

اس بنا پر اسے اس تکلف میں پڑنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کہ وہ کھانے پینے سے باز رہے۔ [واللہ اعلم بالصواب]

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ اصحاب الحدیث

**جلد:2 صفحہ:238**